سوال

(586)والدہ کی طرف سے حج کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری والدہ سات حج کر چکی ہیں، کیا میں (بحیثیت بیٹی) ان کی طرف اور حج کر سکتی ہوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں آپ کے لیے جائز ہے کہ آپ اپنی والدہ کی طرف سے آٹھواں یا اس سے زائد حج کر سکتی ہیں۔ اور یہ اس کے لیے ایک بڑی نیکی ہے اور آپ کے لیے بھی بڑا اجر ہے بشرطیکہ آپ کے پہلے اپنا حج کر چکی ہوں۔ میں اللہ عزوجل سے دعا گو ہوں کہ مجھے اور آپ کو دین کی کما حقہ سمجھ اور اس پر ثابت قدمی عنایت فرمائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 412

محدث فتویٰ